
# روزمرہ آمدورفت اور طرزِ زندگی

**43% پاکستانی دن میں تقریباً ایک سے زیادہ مرتبہ روزمرہ کاموں کیلئے گھر سے باہر جاتے ہیں؛ خواتین کی نسبت مردحضرات میں ایک سے زیادہ بار گھر سے باہر جانے کا رجحان کہیں زیادہ پایا گیا(66% بمقابلہ 19%)، جبکہ 32% خواتین گھر سے باہر نہیں جاتیں۔**

برائے مہربانی بتائیں کہ آپ دن میں عموماً کتنی مرتبہ ملازمت، خریداری یا دیگر کاموں کے لیے گھر سے باہر جاتے ہیں؟






Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

روزمرہ آمدورفت اور طرزِ زندگی

**روزانہ مختلف کاموں کے لیے گھر سے باہر جانے کی تعداد**

## 43% پاکستانی دن میں تقریباً ایک سے زیادہ مرتبہ روزمرہ کاموں کیلئے گھر سے باہر جاتے ہیں؛ خواتین کی نسبت مرد حضرات میں ایک سے زیادہ بار گھر سے باہر جانے کا رجحان کہیں زیادہ پایا گیا (66% بمقابلہ 19%)، جبکہ 32% خواتین گھر سے باہر نہیں جاتیں۔

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**


(اسلام آباد)، 11 ستمبر 2026

گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 43% پاکستانی ملازمت، خریداری یا دیگر کاموں کے لیے دن میں ایک سے زیادہ مرتبہ گھر سے باہر جاتے ہیں، جبکہ 37% دن میں ایک مرتبہ گھر سے باہر جاتے ہیں۔ دوسری جانب، 18% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ان کاموں کے لیے گھر سے باہر نہیں جاتے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ دن میں عموماً کتنی مرتبہ ملازمت، خریداری یا دیگر کاموں کے لیے گھر سے باہر جاتے ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 43% جوابدہندگان کے مطابق وہ ملازمت، خریداری یا دیگر کاموں کے لیے دن میں ایک سے زیادہ مرتبہ گھر سے باہر جاتے ہیں، 37% کے مطابق وہ دن میں ایک مرتبہ گھر سے باہر جاتے ہیں، جبکہ 18% کے مطابق وہ گھر سے باہر نہیں جاتے، اور 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ان نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ زیادہ تر پاکستانی دن میں کم از کم ایک بار گھر سے باہر ضرور جاتے ہیں، اور ایک بار سے زیادہ مرتبہ گھر سے باہر جانا، صرف ایک بار جانے کی نسبت زیادہ عام ہے۔

مجموعی طور پر نتائج سے یہ بھی سامنے آتا ہے کہ روزمرہ کاموں کے سلسلے میں گھر سے باہر جانے کے رجحان میں مرد حضرات اور خواتین کے درمیان نمایاں فرق موجود ہے۔ اگرچہ دن میں کئی بار گھر سے باہر جانا پاکستانیوں میں عام ہے، لیکن خواتین کے مقابلے مرد حضرات میں اس حوالے سے شرح کہیں زیادہ ہے۔ اس کے برعکس، خواتین کی ایک نمایاں شرح کا کہنا ہے کہ وہ ملازمت، خریداری یا دیگر کاموں کے لیے گھر سے باہر نہیں جاتیں۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ دن میں عموماً کتنی مرتبہ ملازمت، خریداری یا دیگر کاموں کے لیے گھر سے باہر جاتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 811 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-±2 لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** گھر سے باہر جانے کی تعداد کے لحاظ سے مرد حضرات اور خواتین میں نمایاں فرق سامنے آیا ہے۔ 66% مرد حضرات دن میں ایک سے زیادہ مرتبہ گھر سے باہر جاتے ہیں، جبکہ خواتین میں یہ شرح صرف 19% پائی گئی۔ اس کے برعکس، 32% خواتین کا کہنا ہے کہ وہ ملازمت، خریداری یا دیگر کاموں کے لیے گھر سے باہر نہیں جاتیں، جبکہ مردوں میں یہ شرح صرف 4% رہی۔ اسی طرح، خواتین میں دن میں صرف ایک مرتبہ گھر سے باہر جانے کا رجحان بھی زیادہ ہے، جس کی شرح 46% رہی، جبکہ مرد حضرات میں یہ شرح 29% ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 11 September 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)